ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں‘ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں‘ کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

سیشن 1

10 منٹ
- ٹیچر بچوں میں کتابیں تقسیم کرنے کے بعد cover page دکھاتے ہوئے سوال کریں کہ اس تصویر میں آپ کو کیا نظر آ رہا ہے۔ بچے بہت سے مختلف جوابات دیں گے۔ ٹیچر ہر بچے کے جواب کو سن کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

- اب ٹیچر بچوں سے کتابیں کھولنے کو کہیں اور کتاب کی پڑھائی آہستہ آہستہ خود کریں تاکہ ہر بچہ ہر لفظ آسانی کو سمجھ سکے۔

10 منٹ
- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آپ کو اس کتاب میں بہت سارے رنگ نظر آ رہے ہیں۔ بچوں سے ان رنگوں کے نام پوچھیں۔ بچوں سے کتاب کے بارے میں رائے پوچھیں کہ یہ کتاب پسند آئی یا نہیں۔ اگر پسند آئی تو کیوں۔

20 منٹ
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور توڑ جوڑ کا کام کروائیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

1) م + ے + ر + ے = میرے
2) ب + ے + ٹ + ھ + ت + ی = بیٹھتی
3) ک + ھ + ا + ن + ا = کھانا
4) چ + ا + ل + ا + ک = چالاک
5) خ + ط + ر + ن + ا + ک = خطرناک
6) س + ف + ے + د = سفید

گھر کا کام

5 منٹ
- گھر سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔ گھر کی تصویر بنا کر لائیں۔

سیشن 2

10 منٹ	• 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔
10 منٹ	• بچوں سے کہیں کہ کوپی نکالیں ٹیچر 10 الفاظ کا املا کرائیں۔
10 منٹ	• ٹیچر بچوں کے پاس جاکر املا کی اصلاح کریں۔ - بچے ہر غلطی کو تین مرتبہ لکھ کر اصلاح کریں۔ - ہر بچے کو سادہ کاغذ دیں۔
10 منٹ	• یہ گھر میرا ہے کہ عنوان سے بچے پانچ جملے لکھیں۔
5 منٹ	• بچوں کی گھر سے لائی ہوئی تصویریں اور لکھے ہوئے جملے بورڈ پر ڈسپلے کریں۔

سیشن 3

20 منٹ	• کتاب میں دی گئی تصویروں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں۔ بچوں سے کہیں ہر صفحے ہوئی چیز کا نام بتائیں۔ ٹیچر بورڈ پر بچوں کی مدد سے انکے انگریزی نام لکھیں۔ بچے اس کو اپنی کوپی میں اتاریں۔

الفاظ	English
گھر	house
بلی	cat
تتلی	butterfly
سانپ	snake
مچھلی	fish

الفاظ	English
بطخ	duck
کتا	dog
گائے	cow
بس	bus

20 منٹ

- ہے اور ہیں کے استعمال پر کام کروائیں۔ بورڈ پر جملے لکھیں۔ باری باری بچے بورڈ پر آ کر ہے اور ہیں خالی جگہ میں پر کریں۔(ٹیچر نیچے دئے گئے جملوں میں اضافہ کریں تاکہ ہر بچے کو بورڈ پر کام کرنے کا موقع مل سکے)۔

1) میرا اسکول بڑا ________ ۔ (ہے/ ہیں)
2) بطخ پانی میں رہتی ________ ۔ (ہے/ ہیں)
3) لڑکے پتنگ اڑا رہے ________ ۔ (ہے/ ہیں)
4) گائے کے سر پر سینگ ________ ۔ (ہے/ ہیں)
5) مچھلیاں رنگ برنگی ہوتی ________ ۔ (ہے/ ہیں)

گھر کا کام

5 منٹ

- کتاب گھر سے پڑھ کر آئیں۔

سیشن 4

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے گھر میں کتاب پڑھی۔ جن بچوں نے کتاب پڑھی ہے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں سے کتاب کے حوالے سے کچھ سوالات کریں۔
  - کتاب میں کل کتنے جانوروں کا ذکر ہے۔
  - اس کتاب میں کل کتنے جانور ہیں
  - ان جانوروں کے نام بتائیں۔
  - پالتو جانور کسے کہتے ہیں۔

بچوں کو پالتو اور جنگلی جانوروں کے بارے میں بتائیں کہ جن جانوروں کو ہم گھر میں پال سکتے ہیں وہ پالتو کہلاتے ہیں اور جو جانور ہم گھر میں نہیں پال سکتے وہ جنگلی جانور کہلاتے ہیں۔

15 منٹ

- بچوں سے کوپیوں میں دو کولم بنوائیں۔ بچے ان میں تین پرندوں اور تین جانوروں کے نام لکھیں۔

پرندے	جانور
کوا	بلی
چیل	گائے
طوطا	شیر

15 منٹ

- بچے کوپی میں دو کالم بنائیں تین پالتو اور تین جنگلی جانوروں کے نام لکھیں۔

پالتو	جنگلی
بلی	شیر
کتا	لومڑی
خرگوش	ہاتھی

سیشن 5

25 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ مختلف جانور کیا کھاتے ہیں۔ بچوں سے پوچھ کر کسی 10 جانوروں کے نام بورڈ پر لکھیں اور ان کے سامنے وہ جو کھاتے ہیں لکھیں۔ بچے یہ لسٹ کوپی میں اتاریں۔

کھانا	جانور
گوشت	شیر
گوشت/ مچھلی/ دودھ	بلی
کیڑے مکوڑے/ دانہ	کوا
گوشت	کتا
گھاس	گدھا
گھاس	گھوڑا
ہرے پتے	ہاتھی

20 منٹ

-

جمع	واحد
مچھلیاں	مچھلی
بطخیں	بطخ
کتے	کتا
گائیں	گائے
بسوں	بس

جمع	واحد
چوہے	چوہا
بلیاں	بلی
تتلیاں	تتلی
پھول/ پھولوں	پھول
دانے	دانہ

یہ گھر میرا ہے

ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk